(تیسرا پرچہ) اسلام اور جدید معاشی تصورات اور تحریکیں

کل نمبر: 100 وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

-1 (ا) آیت مکمل کیجئے۔ و من اعرض عن ذکری ..... اعمٰی ۔ (ب) علم الفرائض سے کیا مراد ہے۔ (ج) اقتصاد سے متعلق دو احادیث کا عربی متن تحریر کیجئے۔ (د) جزوی اور کلی معاشیات میں فرق بیان کیجئے۔ (ھ) زمانہ جاہلیت میں رائج وراثت کی تقسیم کے اصول بیان کیجئے۔ (ر) عاریت کے ارکان تحریر کیجئے۔ (ز) زکوٰۃ سے متعلق صارف ثمانیہ والی آیت تحریر کیجئے۔ (س) عشر اور عشور میں کیا فرق ہے۔ (ش) قطعیہ سے کیا مراد ہے، اس کے دو شرعی ضابطے تحریر کیجئے۔ (ص) دولت اور سرمایہ میں کیا فرق ہے۔ (ض) اسراف اور تبذیر میں فرق بیان کیجئے۔ (ط) درج ذیل کتب کے مصنفین کے نام لکھیے: (۱) علم الاقتصاد (۲) سوشلزم اور معاشی ترقی (۳) کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ (۴) A tretise on money

-2 پروفیسر روبنز کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف کی وضاحت کیجئے۔ یہ مارشل کی تعریف سے کس طرح بہتر ہے۔

-3 ''سرمایہ داری اور شراکت دونوں معاشی نظامون کا نتیجہ ظلم و استحصال ہے۔'' بحث کریں۔

-4 شراکت سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام اور حدود و شرائط پر جامع نوٹ لکھئے۔

-5 ''اگر تم (سودی لین دین سے) باز نہیں آتے تو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ۔'' اس بیان کی روشنی میں حرمت ربوٰ پر ایک سیر حاصل بحث کیجئے۔

-6 ایک اسلامی ریاست کے ذرائع آمدن پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

-7 کفالت عامہ کے سلسلہ میں اسلامی تعلیمات اور لائحہ عمل کی وضاحت کیجئے۔

-8 اسلام میں ٹیکسوں کا تصور کیا ہے؟ مغربی معیشت دانوں کے وضع کردہ اصولوں اور اسلامی ٹیکس پالیسی کے اصولوں کا جائزہ لیجیے۔

-9 درج ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر جامع نوٹ لکھئے۔

(ا) اسلامی تصور حلال و حرام کی معیشت میں کارفرمائی۔ (ب) حضرت شاہ ولی اللہ کے معاشی افکار (ج) WTO کے اثرات اور مقابلے کے لیے تجاویز (د) مالتھس کے نظریہ آبادی کا تنقیدی جائزہ

سال دوئم.....سالانہ امتحان 2013ء

کل نمبر: 100 پرچہ تیسرا: اسلام اور جدید معاشی تصورات اور تحریکیں وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 1: درج ذیل میں سے دس سوالوں کے مختصر جواب تحریر کریں:

1- علم سیاسیات کا مختصر تعارف تحریر کیجئے۔
2- حاکمیت الٰہیہ کے بارے میں ایک آیت تحریر کیجئے۔
3- ''عدل'' کا مفہوم تحریر کیجئے۔
4- برطانیہ کی مقننہ کے دونوں ایوانوں کے نام تحریر کیجئے۔
5- سوشلزم کا مختصر مفہوم تحریر کیجئے۔
6- ''اسلامی ریاست'' کے مصنف کا نام تحریر کیجئے۔
7- ''عمرانیات'' کے لغوی معنی تحریر کیجئے۔
8- مسجد سے باہر نکلتے ہوئے کون سی دُعا پڑھی جاتی ہے، تحریر کیجئے۔
9- اہم معاشرتی اداروں کے نام تحریر کیجئے۔
10- اتحادِ اُمت کے بارے میں ایک آیت تحریر کیجئے۔
11- عظمت انسانی کے بارے میں ایک آیت تحریر کیجئے۔
12- ''بنیادی حقوق'' کے مصنف کا نام تحریر کیجئے۔

www.ilmkidunya.com

حصہ اوّل

سوال 2: اسلام کے نظام خلافت اور موجودہ مغربی جمہوری نظام کا تقابل کیجئے۔

سوال 3: اسلامی دستور کے ماخذ کون سے ہیں؟ جامع مضمون تحریر کیجئے۔

سوال 4: مغربی نظریہ قومیت اور اسلامی تصور قومیت پر جامع مضمون قلمبند کیجئے۔

سوال 5: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ تحریر کیجئے:

(الف) فلاح عامہ (ب) تبلیغ (ج) مقننہ

حصہ دوم

سوال 6: علم عمرانیات سے کیا مراد ہے؟ نفس مضمون، اہمیت اور دیگر علوم سے تعلق واضح کیجئے۔

سوال 7: قرآن وسنت کی روشنی میں علم کی اہمیت پر جامع مضمون تحریر کیجئے۔

سوال 8: اسلامی معاشرے کی امتیازی اور منفرد خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال 9: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ تحریر کیجئے:

(الف) اسلام اور اجتماعیت (ب) پاکستان کے معاشرتی مسائل

(ج) عصری ذرائع ابلاغ کا منفی کردار

اس پرچہ کیلئے ''اسلام اور جدید معاشی افکار اور تحریکیں'' ملک کریم بخش کا مطالعہ فرمائیں

پرچہ نمبر 3 اسلام اور جدید معاشی و تصورات اور تحریکیں

وقت: 3 گھنٹے　　کل نمبر: 100

کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر (۱) کوئی سے دس اجزاء کے جوابات مختصراً تحریر کیجئے۔

(الف) آیت مکمل کیجئے۔

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ ..... فَمَنِ اضْطُرَّ ..... اِنَّ اللّٰهَ غفورٌ الرَّحِيم۔

(ب) معاشیات کے بارے میں پروفیسر روبنز کی تعریف تحریر کریں۔

(ج) خالص قومی پیداوار (N.N.P.) سے کیا مراد ہے؟

(د) اسلامی معاشیات پر مولانا مودودیؒ کی دو کتب کے نام لکھئے۔

(ر) فلاح کے بارے میں اسلامی اور سیکولر تصور کا فرق بتائیے۔

(ز) قدر اور قیمت میں فرق واضح کیجئے۔

(س) ھبہ کے ارکان تحریر کریں۔

(ش) اسلامی مفکرین نے معاشیات کو کون سے تین نام دئے ہیں؟

(ص) اقتصاد سے متعلق دو مختصر احادیث کا عربی متن تحریر کیجئے۔

(ض) ٹیکسوں کے نفاذ کے سلسلے میں اصولِ مساوات سے کیا مراد ہے؟

(ط) آدم سمتھ نے اپنی کتاب دولتِ اقوام کو کون چار حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

(ظ) نظریہ قدر زائد معاشی زبان میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر (۲) سرمایہ دارانہ نظام معیشت کا مفہوم، فکری بنیادی، خصوصیات، خوبیاں اور خامیاں بیان کیجئے۔

سوال نمبر (۳) اسلامی نظام وارثت کے اصول، خصوصیات اور معاشی کردار پر جامع نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر (۴) صرف دولت کا مفہوم، اس کے اسلامی اصول اور معاشی اہمیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر (۵) معاشی ترقی کا مفہوم بیان کیجئے اس کا بہترین معیار کون سا ہے؟ اسلامی ترقیاتی پالیسی کے اہداف و مقاصد بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر (۶) اسلام نے محنت کی عظمت پر کیسے زور دیا ہے؟ محنت کی کمزوریوں پر بحث کرتے ہوئے لیبر کے مفاد کے تحفظ کے لئے مزدور انجمنوں کے کردار پر بحث کیجئے۔

سوال نمبر (۷) دورِ جدید میں غیر سودی بنکاری کے عملی تجربات کا تجزیہ کیجئے اور مؤثر بنانے کے لیے اہم شرائط، تجاویز پیش کیجئے۔

سوال نمبر (۸) پاکستان کے مالیاتی نظام کا تنقیدی جائزہ لیجئے اور قرآنی تعلیمات کی روشنی میں اصلاحِ احوال کے ٹھوس تجاویز پیش کیجئے۔

سوال نمبر (۹) مدرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر جامع نوٹ لکھیں۔

(i) علامہ ابن تیمیہؒ کے معاشی افکار

(ii) پروفیسر الفرڈ مارشل کی پیش کردہ معاشیات کی تعریف کا تنقیدی جائزہ

(iii) ''تقویٰ'' کا مختلف شعبہ ہائے معیشت میں کردار

www.ilmkidunya.com

سال دوئم..... سالانہ امتحان 2011ء

old-solved-guess-papers.blogspot.com

کل نمبر: 100 پرچہ تیسرا: اسلام اور جدید معاشی تصورات اور تحریکیں وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 1: درج ذیل میں سے دس سوالوں کے مختصر جواب تحریر کریں:

1- آیت مکمل کیجئے:

نحن قسمنا بینهم معیشتهم ..... سُخریًا

2- مارشل کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف لکھئے۔

3- اسراف و تبذیر کا فرق واضح کیجئے۔

4- "انفاق العفو" سے متعلق آیت تحریر کیجئے۔

5- متناسب اور متزائد ٹیکس میں کیا فرق ہے؟

6- موات اور خالصہ زمینوں کا فرق بیان کیجئے۔

7- غنیمت اور فئے کی تعریفیں اس طرح تحریر کیجئے کہ اُن کا فرق واضح ہو جائے۔

8- اسلام کا نظریۂ لگان کن تین بنیادی اصولوں پر قائم ہے؟

9- کسب حلال کے بارے میں دو آیات تحریر کیجئے۔

10- اجیر خاص اور اجیر مشترک کا فرق لکھئے۔

11- اتلاف مال کا اصطلاحی مفہوم بیان کیجئے۔

12- درج ذیل کتب کے مصنفین کے اسماء گرامی تحریر کیجئے:

(الف) المحلّٰی (ب) کتاب الفقه علی المذاهب الاربعه

(ج) اسلام کا نظام تکافل (د) A Treatise on Money

سوال 2: اشتراکیت اور اسلام کے معاشی اصولوں کا تقابلی جائزہ لیجئے اور معیشت پر اُن کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔

سوال 3: انفاق فی سبیل اللہ سے کیا مراد ہے؟ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں اس کے مقاصد، آداب و شرائط اور معاشی اہمیت بیان کیجئے۔

سوال 4: قرآن و سنت کی روشنی میں "تجارت کے اسلامی اصول" پر ایک شذرہ تحریر کیجئے۔

سوال 5: انشورنس سے کیا مراد ہے؟ اس کے تاریخی پس منظر اور اقسام کا جائزہ لیجئے اور اسے اسلامی تعلیمات سے ہم آہنگ کرنے کے لئے عملی تجاویز پیش کیجئے۔

سوال 6: مضاربت سے کیا مراد ہے؟ دور جدید میں اس کی ضرورت و اہمیت اور اسلام کی روشنی میں اس کی حدود و شرائط پر بحث کیجئے۔

سوال 7: معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟ مختلف ماہرین معاشیات نے اس کے کون سے معیارات بیان کئے ہیں؟ آپ کے نزدیک پاکستان کے تناظر میں بہترین معیار کون سا ہے اور کیوں؟

سوال 8: گردش دولت کے بارے میں اسلامی طرز استدلال کیا ہے؟ اسلام میں ارتکاز دولت کے خاتمے اور معاشرے میں دولت کی منصفانہ تقسیم کے فروغ کے لئے کئے گئے مؤثر اقدامات کا جائزہ لیجئے۔

سوال 9: درج ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر جامع نوٹ لکھیں:

(الف) زکوٰۃ و عشر آرڈیننس 1980ء کا تنقیدی جائزہ

(ب) اصول اعتدال کی معاشی اہمیت

(ج) شاہ ولی اللہؒ کے معاشی افکار